## 3280 - کیا پینٹ سے شرٹ باہر رکھنا ضروری ہے

**سوال**

کیا شرٹ پینٹ کے اندر رکھنا جائز ہے، یا کہ ہمارے لے شرٹ باہر نکالنا ضروری ہے تا کہ ہمارے ستر کے جوڑ اور اعضاء ننگے اور واضح نہ ہوں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اگر تو پتلون یعنی پینٹ حرام چیز پر مشتمل نہ ہو، اور وہ کھلی اور وسیع ہو ستر والی جگہوں اور اعضاء کا حجم ظاہر نہ کرے، اور نہ ہی جوڑ واضح ہوتے ہوں تو پھر شرٹ پینٹ کے اندر کرنے میں کوئی حرج نہیں.

لیکن اگر وہ ستر والی جگہ سے تنگ ہو تو پھر اسے قمیص یا کسی اور چیز کے ساتھ چھپانا ضروری ہے.

واللہ اعلم .